پاني تو پلانے تجھے جائيگا سکينه

پاني تو پلانے تجھے جائيگا سکينه
عبّاس نہ اب لوٹ کے آئيگا سکينه

بھائي سے وداع هوکے يوں فرماتے تھے مولیٰ
اب کون ميرے گھر کو بچائيگا سکينه

هم اِذنِ وغیٰ ديتے هيں معلوم هيں همکو
بھائي کا بچھڑنا تو رولائيگا سکينه

دو هاتھ قلم هونگے تو پرواه نہ کريگا
وه مُنھ ميں تيري مشك سمبھاليگا سکينه

جب تيرو کي بُچھار ميں غازي ميرا هوگا
تب مشك و عَلَم کيسے بچائيگا سکينه

صقراء کي مثل پُهچيگا جب لاشے اَخي پر
شبّير جگر کيسے سمبھاليگا سکينه

عبّاس نہ ہونگے تیرا بابا بھي نہ ہوگا
تب شمر طمانچے تُجھے ماریگا سکینه

اللہ محافظ تیرا اب تجھکو ستمگر
سر کاٹ کے بابا کا دِکھائیگا سکینه

سینے پہ میرے سوتي تھي ، سوئیگي کہا جب
ظالم میرے خیمے کو جلائیگا سکینه

شبّیر شفاعة کے لیئے آئیگا اُسي کي
عبّاس کي مجلس جو رچائیگا سکینه

شاکر کو یقیں ھیں تیري مشکي کے وسیلے
مانگوگا جو عبّاس دِلائیگا سکینه
عبّاس نہ اب لوٹ کے آئیگا سکینه

*****